05.08.2024

21.15 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آفتاب احمد

**Music**

.................................................................................

☆ بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ نے ، ملک میں پھیلی افراتفری کے درمیان استعفیٰ دینے کے بعد ملک چھوڑ دیا ہے۔

☆ ایئر انڈیا نے ڈھاکہ کو جانے اور آنے والی اپنی پروازوں کو فوری طور سے منسوخ کردیا ہے ۔

☆ BSF نے کہا ہے کہ بھارت - بنگلہ دیش سرحد پر صورتحال معمول کے مطابق ہے اور اُس پر قریبی نگرانی رکھی جارہی ہے۔

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو ، فجی کے اپنے دو روزہ سرکاری دورے کے دوران فجی کے اپنے ہم منصب William Katonivere کے ساتھ باہمی ملاقات کریں گی۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ دفعہ 370 کی منسوخی سے جموں و کشمیر اور لداخ میں ترقی اور خوشحالی کی راہ ہموار ہوئی ہے۔

☆ اور پیرس اولمپکس میں ، بھارت کی ٹیبل ٹینس کی خواتین کی ٹیم کوارٹر فائنلس میں پہنچ گئی ہے۔ بیڈمنٹن کے کھلاڑی لکشیہ سین کانسے کا تمغہ حاصل نہ کرسکے۔

.................................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

*Bangladesh Violence*

اب جبکہ بنگلہ دیش میں طلبا کے جاری مظاہرے کے دوران تشدد میں اضافہ ہوگیا ہے، آج کچھ ایسی خبریں آئیں کہ شیخ حسینہ نے ملک کے وزیر اعظم کے عہدے سے استعفیٰ دے کر ایک فوجی ہیلی کاپٹر میں سوار ہوکر ملک چھوڑ دیا ہے۔ فوج کے سربراہ جنرل وقار الزماں نے آج اعلان کیا کہ ملک چلانے کیلئے ایک عبوری سرکار تشکیل دی جائے گی۔ بنگلہ دیشی میڈیا نے خبر دی ہے کہ ڈھاکہ میں وزیراعظم کے سرکاری رہائش گاہ Gonobhaban پر ہزاروں مظاہرین کے ذریعے دھاوا بول دیئے جانے کے بعد، وزیر اعظم شیخ حسینہ ملک چھوڑ کر ایک محفوظ مقام پر چلی گئی ہیں۔

ملک کے نام ایک ٹیلی ویژن خطاب میں فوج کے سربراہ جنرل وقار الزماں نے ہم وطنوں سے اپیل کی کہ وہ صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں اور امن بحال رکھیں۔

اتوار کو پولیس اور مظاہرین کے درمیان تصادم میں تقریباً 100 افراد ہلاک اور ایک ہزار سے زیادہ لوگ زخمی ہوئے تھے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے.........................

VC Navalsang Parmar

طلبا اُن مجاہدین آزاد کے رشتے داروں کیلئے سرکاری نوکریوں میں 30 فیصد ریزرویشن کے خلاف مظاہرہ کر رہے ہیں جنھوں نے 1971 میں ایک خونریز خانہ جنگی کے دوران، پاکستان سے بنگلہ دیش کو آزاد کرانے میں اپنی جان نچھاور کی تھی۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ یہ نظام تفریق پر مبنی ہے اور یہ وزیر اعظم شیخ حسینہ کی عوامی لیگ پارٹی کے حامیوں کو فائدہ پہنچاتا ہے۔ طلبا، موجودہ کوٹہ نظام کو صلاحیت پر مبنی نظام سے بدلنے کی وکالت کر رہے ہیں۔ کوٹہ نظام 1972 میں نافذ ہوا تھا اور کچھ عرصے کیلئے 2018 میں اِسے کالعدم قرار دیا گیا تھا۔ مجاہدین آزادی کے اہل خانہ کیلئے 30 فیصد کوٹہ بحال کرنے کے ہائیکورٹ کے ایک حکم کے بعد پچھلے مہینے مظاہرے شروع ہوئے تھے۔

پچھلے مہینے کی 21 تاریخ کو جب سپریم کورٹ نے ریزرویشن کو کم کرکے پانچ فیصد کردیا تھا، طلبا لیڈر نے مظاہرے روک دیئے تھے۔ لیکن پھر سے احتجاج میں اُس وقت تیزی آ گئی جب طلبا نے کہا کہ سرکار نے اُن کے رہنماؤں کو آزاد کرنے کی مانگ پوری نہیں کی، تو انھوں نے وزیر اعظم شیخ حسینہ کے استعفیٰ کو اپنا اصل مدعی بنا لیا۔

ڈھاکہ سے نول سنگ پرمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

*India Bangladesh*

ایئرانڈیا نے ڈھاکہ جانے اور آنے والی اپنی پروازوں کی طے شدہ کارروائیوں کو فوری طور سے منسوخ کردیا ہے۔ ایک بیان میں ایئر انڈیا نے کہا کہ وہ صورتحال کا مسلسل جائزہ لے رہی ہے اور کنفرم بُکنگ والے مسافروں کو ڈھاکہ سے آنے اور جانے کا سفر کرنے کیلئے ری شیڈولنگ اور منسوخی کے چارجز کو ایک بار مستثنیٰ کرکے مدد فراہم کررہی ہے۔ مسافر مزید معلومات کیلئے ٹیلی فون نمبر

011 - 69 32 93 33

یا

011 - 69 32 99 99

پر بھارت کے چوبیسوں گھنٹے ساتوں دن دستیاب کنٹیکٹ سینٹر پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

بنگلہ دیش میں ابھرتی ہوئی صورتحال کے مدنظر سرحدی حفاظتی فورس ، BSF نے آج کہا کہ بھارت - بنگلہ دیش سرحد پر ابھی تک صورتحال معمول کے مطابق ہے۔ BSF کے سرکاری ذرائع نے کہا کہ BSF کے ڈائریکٹر جنرل پہلے ہی مشرقی کمان میں موجود ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ بھارت-بنگلہ دیش سرحد پر صورتحال پر قریبی نگرانی کی جارہی ہے تاکہ کسی غیرمتوقع صورتحال سے نمٹا جاسکے نیز حالیہ صورتحال کے بارے میں فوج الرٹ پر ہے۔ x

## President Visit FIJI

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو گل فجی کی راجدھانی Suva پہنچیں گی اور سرکاری میٹنگوں میں حصہ لیں گی۔ صدر جمہوریہ مرمو فجی کے صدر کے ساتھ باہمی میٹنگ کریں گی اور وہاں کے پارلیمنٹ سے خطاب کریں گی۔
پیش ہے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ............

VC SRI SAI

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے Suva پہنچنے پر فجی کی فوج اُنہیں گارڈ آف آنر دے گی۔ گرانڈ پیسفک ہوٹل میں روایتی طور پر اُن کا خیرمقدم کیا جائے گا۔ صدر جمہوریہ، وہاں کے صدر William Kantonivere کے ساتھ ایک باہمی میٹنگ کریں گی اور بعد میں 11 بجے دن میں فجی کی پارلیمنٹ سے خطاب کریں گی۔ دوپہر کے بعد صدر جمہوریہ فجی کے وزیراعظم Sitiveni Rabuka کے ساتھ باہمی میٹنگ کریں گی۔ فجی نے 100 بیڈ پر مشتمل سپر اسپیشلیٹی اسپتال اور Suva میں بھارتی ہائی کمیشن کے چانسری اور ثقافتی مرکز کمپلیکس کے پروجیکٹ دستاویز کی رسمی تبادلے میں صدر جمہوریہ موجود ہوں گی۔ شام میں صدر جمہوریہ بھارتی برادری کے ساتھ ایک کمیونٹی استقبالیہ میں شامل ہوں گی اور بعد میں Suva کے مہاتما گاندھی ہائی اسکول میں مہاتما گاندھی کے مجسّمے پر گلہائے عقیدت پیش کریں گی۔
فجی سے ہمارے نامہ نگار Sri Sai کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## PM - Articles 370 and 35

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت جموں و کشمیر اور لداخ کے عوام کیلئے کام کرتی رہے گی اور آنے والے وقتوں میں ، اُن کی خواہشات کو پورا کرے گی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ 5 اگست کو آج کے دن پارلیمنٹ نے دفعہ 370 اور 35 (اے) کو منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا تھا ، جو قوم کی تاریخ میں ایک درخشاں لمحہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ جموں و کشمیر اور لداخ میں ترقی اور خوشحالی کے ایک نئے دور کا آغاز تھا ۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اِن مقامات پر بھارت کے آئین کو حقیقی طور پر نافذ کیا گیا ، جو اُن مرد و خواتین کے ویژن کے عین مطابق تھا ، جنہوں نے آئین تیار کیا ۔

انہوں نے کہا کہ اِس منسوخی کے ساتھ ہی ، اُن خواتین، نوجوانوں ، پسماندہ ، قبائلی اور محروم برادریوں کیلئے تحفظ ، احترام اور مواقع وضع ہوئے ، جو ترقی کے ثمرات سے محروم تھے۔ جناب مودی نے کہا کہ اسی کے ساتھ ساتھ ، اِس نے اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ جموں و کشمیر میں دہائیوں سے جاری بدعنوانی کو ختم کیا جائے ۔ x

## HP Search Operation

ہماچل پردیش کے شملہ، منڈی اور کُلّو اضلاع میں بادَل پھٹنے کے حالیہ واقعات میں لاپتہ لوگوں کی تلاش آج پانچویں دن بھی جاری رہی۔ تقریباً 40 لوگ اب بھی لاپتہ ہیں جبکہ اب تک 15 لاشیں نکالی جاچکی ہیں۔
پیش ہے ایک رپورٹ........................

VC Ritesh Kapoor

شملہ، منڈی اور کُلّو اضلاع میں بادل پھٹنے کے بعد لاپتہ لوگوں کی تلاش کی کارروائی جاری ہے۔ ریاست کے مختلف مقامات سے اب تک 15 لاشیں نکالی جاچکی ہیں۔ شملہ ضلع کے Samej علاقے میں تلاشی کی کارروائی کے پانچویں دن، ڈونگری کے Sunni Dam کے پاس سے ایک نوجوان خاتون اور ایک مرد کی لاشیں نکالی گئی ہیں۔ شملہ کے ڈپٹی کمشنر انوپم کشیپ نے کہا ہے کہ Samej حادثے میں 36 لاپتہ لوگوں کے اہل خانہ کے DNA نمونے اکٹھا کئے گئے ہیں۔ DNA میچنگ کے بعد ہی لاشوں کی شناخت ممکن ہوسکے گی۔ انھوں نے کہا کہ اب تک 85 کلو میٹر علاقے میں تلاشی سے پانچ لاشیں نکالی گئی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ لاشوں کی حالت بہت ہی خراب ہے اور ان کی شناخت کرنا ایک چیلنج ہے۔ اسی لئے تمام لاشوں کی DNA میچنگ کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ کُلّو ضلع میں Malana کے مقام سے 15 مقامی باشندوں کو بحفاظت باہر نکالا گیا ہے۔

شملہ سے رتیش کپور کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں مہتاب عالم

## Uttarakhand Rescue Opperation

اتراکھنڈ میں رُودریہ پریاگ ضلع میں واقع کیدارناتھ دھام سمیت کیدارگھاٹی کے قدرتی آفت سے متاثرہ علاقوں میں پانچویں دن بھی راحت اور بچاؤ کارروائیاں جاری رہیں۔ اب تک دس ہزار سے زیادہ لوگوں کو بحفاظت نکال لیا گیا ہے۔ آج صبح جیسے ہی موسم صاف ہوا، فوج کے MI-17 اور شِنُوک ہیلی کاپٹروں کے ذریعے لوگوں کو بچایا گیا۔ ہیلی کاپٹروں کے ذریعے نکالے گئے عقیدتمندوں اور مقامی افراد کو چار دھام ہیلی پیڈ اور گوچار میں اُتارا گیا۔ لاپتہ لوگوں کی تلاش کیلئے ڈرونز اور فوج کے جاسوسی کتوں کی بھی مدد لی جارہی ہے۔ تاہم لنچول سے رام باڑہ کے علاقے میں کوئی شخص نہیں پایا گیا۔ NDRF کے کمانڈنٹ سدیش کمار نے بتایا کہ کیدار گھاٹی میں جاری راحت اور بچاؤ کارروائی کے کل تک مکمل ہونے کا امکان ہے۔

S/B 2100 Sudesh Kumar NDRF Comm

## RS - Renewable Energy

آج راجیہ سبھا میں، نئی اور قابلِ تجدید توانائی کی وزارت کے کام کاج پر بحث کی گئی۔ BJP کے رکنِ پارلیمنٹ لکشمی کانت باجپئی نے کہا کہ حکومت کاربن کے اخراج کو کم کرتے ہوئے ، بجلی کی دستیابی کو یقینی بنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت 2070 تک صفر کاربن اخراج کا مقصد حاصل کرنے کے تئیں عہد بند ہے۔ انہوں نے مزید کہاکہ اِس کا مقصد کوئلے ، پیٹرولیم اور گیس پر مبنی توانائی کی پیداوار میں کمی کرتے ہوئے ، سبز ہائیڈروجن ، شمسی اور آبی توانائی کے استعمال میں اضافہ کرنا ہے ۔ اصل مقصد 50 لاکھ ٹن سبز ہائیڈروجن کی صلاحیت کو حاصل کرنا ہے۔ x

## RS-LPG

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیرمملکت سریش گوپی نے آج راجیہ سبھا کو مطلع کیا کہ اِس سال یکم جولائی کے

مطابق ملک بھر میں فعال گھریلو LPG صارفین کی تعداد 32 کروڑ 68 لاکھ ہے۔ ایک تحریری جواب میں جناب گوپی نے کہا کہ Refills کیلئے مستحکم فراہمی کو یقینی بنانے اور LPG کے نئے کنکشن کو ہم آہنگ کرنے کیلئے ، تیل کی مارکیٹنگ کی کمپنیوں، OMCs کے 50 کروڑ سے زیادہ سلنڈر استعمال میں ہیں ، جو کہ مضبوط فولاد کے سلنڈر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سلنڈروں کی تبدیلی اور تازہ مستقبل کی مانگ کو پورا کرنے کیلئے ، OMCs باقاعدگی کے ساتھ اپنی انوینٹریز کا جائزہ لیتی ہیں اور نئے سلنڈروں کی خریداری کیلئے ٹنڈر جاری کرتی ہیں۔

ایک اور سوال کا جواب دیتے ہوئے ، جناب گوپی نے بتایا کہ بھارت اپنی اندرونِ ملک LPG کی کھپت کا تقریباً 60 فیصد درآمد کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں LPG کی قیمتیں ، بین الاقوامی مارکیٹ میں اِس کی قیمتوں کے ساتھ منسلک ہیں۔ x

## RS Coal Production

مرکز نے آج کہا ہے کہ ملک نے پچھلے سال کے مقابلے سال 24-2023 میں کوئلے کی پیداوار میں گیارہ اعشاریہ سات ایک فیصد کا اضافہ درج کیا ہے۔ راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں کوئلے اور کانوں کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہا کہ سال 24-2023 کے دوران، 998 ملین ٹن کوئلے کی پیداوار ہوئی ہے جبکہ 23-2022 میں یہ 893 ملین ٹن تھی۔ انھوں نے کہا کہ ملک میں موجودہ مالی سال میں جون تک 247 ملین ٹین کوئلے کی پیداوار ہوئی ہے جبکہ پچھلے سال اِسی مدت میں 223 ملین ٹن کی پیداوار ہوئی تھی۔ اِس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس میں دس اعشاریہ سات پانچ فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ اپریل 2023 تک بھارت کے پاس تقریباً 200 بلین ٹن کوئلے کے ذخائر ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ بھارت کی توانائی کے وسائل میں کوئلے کا حصہ پچاس فیصد سے زیادہ ہے۔x

## LS Dairying

ماہی پروری، مویشی پروری اور ڈیری کے وزیر راجیو رنجن سنگھ نے آج کہا کہ پردھان منتری متسیہ سمپدا یوجنا کی وجہ سے ماہی پروری کے شعبے میں اضافہ ہوا ہے۔سال 25-2024 کیلئے وزارت کی طرف سے ڈیمانڈس فار گرانٹس پر لوک سبھا میں بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت، نریندر مودی کے اقدامات کی وجہ سے ماہی پروری کے شعبے میں سرفہرست ملکوں میں شامل ہے۔x

## LS Unorganised Pension

محنت اور روزگار کی وزارت نے مطلع کیا ہے کہ گذشتہ مہینے کے آخر تک غیرمنظّم شعبے کے 50 لاکھ سے زیادہ کارکنوں نے پردھان منتری شرم یوگی مان دھن اسکیم میں اپنا اندراج کرایا ہے۔ فروری 2019 میں شروع کی گئی اِس اسکیم کا مقصد، 18 سے 40 سال تک کی عمر کے کارکنوں کو بڑھاپے میں تحفظ فراہم کرنا ہے۔ محنت اور روزگار کی وزیر مملکت شوبھا کرندلاجے نے تحریری جواب میں بتایا کہ ہریانہ میں سب سے زیادہ 8 لاکھ 25 ہزار کارکنوں نے اپنا

اندراج کرایا ہے۔ وہیں اُترپردیش کے 6 لاکھ 8 ہزار سے زیادہ اور مہاراشٹر کے 6 لاکھ ایک ہزار سے زیادہ غیر منظّم شعبے کے کارکنوں نے پردھان منتری شرم یوگی مان دھن اسکیم کے تحت اپنا اندراج کرایا ہے۔x

## WB - Flood Situation

دامودر ویلی کارپوریشن ، DVC نے پانی کی مقدار کم کردی ہے ، جو کہ دُرگا پور بیراج سے چھوڑا جارہا ہے۔ آج صبح 9 بجے سے دُرگا پور بیراج سے ایک لاکھ 15 ہزار کیوسک پانی چھوڑا جارہا ہے۔ Panchet باندھ سے چھوڑے جانے والے پانی میں بھی DVC نے کمی کردی ہے۔ وہاں سے 59 ہزار کیوسک پانی چھوڑا جارہا ہے۔ اِسی دوران دُرگا پور بیراج سے پانی چھوڑنے کے باعث جنوبی بنگال کے بہت سے اضلاع متاثر ہوئے ہیں ۔ بارش اور مختلف باندھوں سے چھوڑے جانے والے پانی کی باعث دریا پانی کی بڑی ہوئی سطح کے ساتھ بہہ رہے ہیں ۔ اِسی دوران وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے بڑھتی ہوئی سیلاب کی صورتحال کے بارے میں گذشتہ روز جھارکھنڈ کے وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین سے بات کی۔

انہوں نے جھارکھنڈ کے Tenughat سے بڑے پیمانے پر پانی چھوڑے جانے کے بارے میں ہیمنت سورین کو مطلع کیا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں انہوں نے دعویٰ کیا کہ Tenughat سے چھوڑے جانے والے پانی سے سیلاب جیسی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ ممتا بنرجی نے مغربی بنگال کے تمام ضلع انتظامیہ کو سیلاب کی صورتحال کے بارے میں چوکنا رہنے اور تیار رہنے کا حکم دیا ہے۔ x

## NCW - Digital Shakti Center

خواتین کے قومی کمیشن نے ، خواتین کے خلاف سائبر جرائم سے نمٹنے کیلئے آج نئی دلّی میں ڈجیٹل شکتی سینٹر کا افتتاح کیا۔ یہ سینٹر ایک مخصوص سہولت ہے ، جس کا مقصد سائبر جرائم کے بارے میں آگاہی میں اضافہ کرنا ہے۔ یہ اندراج کرنے اور شکایتوں کا ازالہ کرنے کیلئے ضروری تکنیکی مدد فراہم کرے گا۔ کمیشن نے اِس بات پر زور دیا ہے کہ شناختی کارڈ کی چوری ، سائبر اسٹاکنگ اور جنسی استحصال جیسے سائبر جرائم میں قابل تشویش اضافہ ہونے کی وجہ سے ، یہ اقدام خواتین کو نیوی گیٹ کرنے اور اپنی حفاظت کرنے کیلئے بااختیار بنانے میں اہم ہے۔ کمیشن نے کہا کہ ڈجیٹل شکتی مہم کی کامیابی ، جس کا آغاز 2018 میں کیا گیا تھا ، پر مبنی یہ مرکز سائبر جرائم کی شکایتوں کے بروقت اور موثر حل کو یقینی بنانے کیلئے ماہرین کی رہنمائی فراہم کرے گا۔

NCW نے مزید کہا کہ ڈجیٹل شکتی مہم میں لاکھوں خواتین شمولیت اختیار کرچکی ہیں اور یہ مہم انہیں اپنی ڈجیٹل اسپیسس کو تحفظ کرنے کیلئے معلومات اور ٹُولس سے لیس کررہی ہے۔ x

## IAF Tarang Shakti

بھارت، کل سے تملناڈو کے Sular میں پہلی کثیر ملکی فضائی مشق 'ترنگ شکتی 2024' کی میزبانی کرے گا۔ اِس مشق میں قریب 30 ممالک حصہ لیں گے۔

اِس ماہ میں 10 ممالک اپنے جنگی طیاروں کے ساتھ شرکت کریں گے۔ یہ مشق دو مرحلوں میں ہو رہی ہے جس کا مقصد بھارت کی دفاعی صلاحیت کی نمائش اور حصہ لینے والے ممالک کی فوجوں کے درمیان اشتراک کیلئے پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔x

## Stamps - Release

نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویا اور مواصلات کے وزیر جوترآدتیہ سندھیا نے آج نئی دلّی میں 33 ویں اولمپکس پیرس 2024 کو مناتے ہوئے ، مشترکہ طور پر ایک یاد گاری ٹکٹ جاری کیا۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ، ڈاکٹر منڈاویا نے کہا کہ ڈاک ٹکٹ کا اجراء ، کھیل کود کے تئیں بھارت کے عزم کی عکاسی کرتا ہے ، جو کہ قومی فخر اور کھلاڑیوں کیلئے حوصلہ افزائی کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھیل کود ایک صحت مند قوم کی پرورش کرتا ہے ، جو دولت اور خوشحالی کیلئے ضروری ہے نیز یہ انفرادی فٹنیس اور قومی پیمانے پر صحت و تندرستی ، دونوں کو فروغ دیتے ہے۔

ڈاکٹر منڈاویا نے زور دے کر کہا کہ حکومت کی اصل توجہ اِس بات کو یقینی بناتے ہوئے کھلاڑیوں پر مرکوز رہی ہے کہ اُنہیں تمام ضروری مدد حاصل ہو اور کامیابی کیلئے انہیں سہولیات فراہم کی جائیں۔ ابتدائی سطح سے کھیل کود کو فروغ دینے کے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں کئے گئے اقدامات کی ستائش کرتے ہوئے ، ڈاکٹر منڈاویا نے کھیلو انڈیا کے کیرتی پروگرام اور ٹاپس پروگرام کا ذکر کیا ، جس میں کھلاڑیوں کو قومی اور بین الاقوامی پیمانے پر مہارت حاصل کرنے کیلئے ضروری سہولیات فراہم کی ہیں۔ اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ، جیوتر آدتیہ سندھیا نے کہا کہ 33 ویں اولمپکس 2024 کے موقع پر ڈاک ٹکٹ جاری کرنا ، تاریخی کھیل کود کی وراثت کے تئیں بھارت کا خراجِ عقیدت پیش کرنا ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعظم کے ویژن کے مطابق کھیل کود اور کھیل کود کا بنیادی ڈھانچہ آج آخری مرحلے میں پہنچ رہا ہے۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ حال ہی میں کانسے کا تمغہ حاصل کرنے والے سَرَو جوت سنگھ ، سابق کرکٹ کھلاڑی آکاش چوپڑا اور Steeplechase کھلاڑی سُدھا سنگھ اور اسکول کے بچوں سمیت کھیل کے شعبے کی سرکردہ شخصیات نے اِس تقریب میں شرکت کی۔ x

## Rev. Olympic Schedule

پیرس اولمپکس میں ٹیبل ٹینس ٹیم مقابلے میں مَنیکا بَترا ، سریجا اَکُولا اور اَرچنا کامَت سمیت بھارت کی خواتین کی ٹیم نے پری کوارٹر فائنل میچ میں رومانیہ کی ٹیم کو تین - صفر سے شکست دی۔ اِس کامیابی کے ساتھ وہ کوارٹر فائنل کیلئے کوالیفائی کرگئی ہیں۔

کُشتی میں نِشا دَہیا ، کوارٹر فائنل مقابلے میں شمالی کوریا کی کھلاڑی Pak Sol Gom سے آٹھ - دَس سے ہار گئیں۔ اس سے قبل وہ آٹھ - دو سے اُس وقت سبقت حاصل کئے ہوئے تھیں ، جب وہ زخمی ہوگئیں اور انہوں نے تین بار میڈیکل ٹائم آؤٹس لئے۔

بیڈمنٹن میں بھارت کے بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین، اُس وقت تاریخی اولمپک تمغہ حاصل کرنے سے چوک گئے، جب وہ کانسے کے تمغے کیلئے میچ میں ملیشیا کے Lee Zii Jia سے اکیس - تیرہ، سولہ - اکیس، دَس - بارہ سے ہار گئے۔

بھارتی نشانے باز آنند جیت سنگھ نَروپا اور مہیشوری چوہان Skeet مِکسڈ ٹیم مقابلے میں کانسے کے تمغے کے کھیل میں چین سے ہار گئے۔

آج بعد میں، ایتھلیٹکس میں دو کھلاڑی بھارت کی نمائندگی کریں گے۔ کِرن پہل، جوکہ خواتین کے 400 میٹر کے راؤنڈ -ایک میں کھیلیں گی اور ایشین گیمز کی طلائی تمغہ حاصل کرنے والے Avinash Sable تین سو میٹر Steeplechase فائنل کیلئے کوالیفائی کرنے کیلئے مقابلہ کریں گے۔

بادبانی میں ویشنو Saravanan مردوں کے مقابلے میں اپنی مہم جاری رکھیں گے ، جبکہ نیترا کمارَن خواتین کے Dinghy مقابلوں میں حصہ لیں گی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆